فعل

انداز بیاں گرچہ بہت شوخ نہیں ہے
شا ید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات

اپنی تعریف میں ایک نظم پیش خد مت ہے

کلمہ کی ہیں قسمیں تین یاد رکھنا یہ بات
اسم،فعل اور حرف ہیں ان سے بنتی ھےبات
اسم وہ ہے جس میں ھومعنی مگر زما نہ نہیں
جیسے زید،کتاب اور علم اس میں زما نہ نہیں
فعل میں معنی بھی ھو تا سا تھ میں ھوتا زماں
جیسے ذھب،یذھب میں بھی ملتا ہے زماں
حرف کا اپنا معنی اکیلا تو ظا ہر نہیں
دوسرے لفظوں کے ساتھ آئے تب معنی ہے وہیں

میں فعل ہوں ی والا فیل نہیں ع والا فعل یعنی کام کام اور بس کام
،کسی کام کا کرنا یا ہونا وقت اور زما نے کے ساتھ
میرے تین بڑے بھا ئ ہیں
1)فعل ماضی 2)فعل مضا رع 3)فعل امر
فعل ماضی توبس اپنی گزری ہوئ باتوں کے با رے میں سوچتا رہتا ہے

فعل مضا رع حال کی اور مستقبل کی منصو بہ بندی کرتا رہتا ہے
فعل امر تو بس حکم دیتا رہتا ہے یہ کرو وہ نہ کرو(ویسے اس میں ساری husband والی خصوصیات پائ جاتی ہیں)
ہمارے سب سے بڑے بھائ ماضی کے بغیر کوئ کام نہیں ہو سکتامضا رع بہی ماضی سے بنتا ہےاور امر مضا رع سے بنتا ہےیہ سب ایک دوسرے کے بغیر ادھورے ہیں
میرے دو چھوٹے بھائ بھی ہیں جنکے نام فا عل اور مفعول ہیں

فاعل(فا طمہ اللہ رکھا)

اب میں فاعل کو بلاؤں گا کہ وہ اپنی تعریف میں کچھ بولے

مفعول(نگہت)

اب میں سب سے چھو ٹے بھائ مفعول کو بلاؤں گی کہ وہ بھی کچھ بول ہی لے

فعل ماضی کے اعراب(پر وین سعید)

اب میں فعل ماضی کے سر پر اعراب کا تاج پہنانے پروین بہن کو بلا ؤں گا

فعل کی تصریف/گر دان(ساجدہ افضل)

اب میں ساجدہ افضل کو بلاؤں گی کہ وہ فعل ماضی کی تصریف بیان کریں
میری دو بہنیں بھی ہیں ایک مستترہ اور ایک بارزہ
اب میں مستترہ بہن کو بلؤں گی تاکہ وہ اپنے بارے میں کچھ بتا ئیں

1)مستترہ (افروز)

میں بارزہ بہن کو بلاؤں گی کہ وہ اپنے با رے میں کچھ بتا ئے

2)با رزہ (نا زش)

میری بہت ساری اولا دیں ہیں جن کو میں نے نک name دیا ہوا ہے

۱)ضمیر متصلہ (نازش)

توا نینا اور ناھیک

اب میں اپنی دوست منفصلہ کو بلا ؤں گی جو میری ان اولادوں کے بارے میں بتا ئیں گی جو الگ تھلگ رہتی ہیں

۲)ضمیر منفصلہ(سدرہ)

تو یہ تھی ہماری فیملی کی کہانی ہم سب کی زبانی
امید ہے آپ سب لطف اندوز ھو ئے ہوں گے اب میں اجا زت چا ہتا ھوں
ان اشعار کے ساتھ
فعل فاعل اورکبھی مفعول ھوتے ہیں جملے کی جان
مستتر،بارزہ رابط عائد لوٹتی ہے لمبتدا
اگر ھو جملہ اسمیہ تو خبر ھے اسکی جان
مفرد تثنیہ یا جملہ اسمیہ خبر ھو یا متعلق خبر
یہ سب اجزاء میسر ھوں تو بنتا ھے جملہ
اور اسطرح جملے کے حسن میں ھوتا ہے اضافہ

Written by Group Incharge Abida khatoon